# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: غالب کی تحقیقی و فکری جہات (9025) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- غالب کے حالات زندگی کے بارے میں مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2- شاعری میں تشبیہ اور استعارہ کا استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟ کلام غالب سے تشبیہ اور استعارہ کی مثالیں پیش کریں۔ (20)

سوال 3- غالب کی موضوعاتی شاعری میں حسن و عشق کو کیا اہمیت حاصل ہے؟ واضح کیجیے۔ (20)

سوال 4- مرزا غالب کی شاعری کی مشکل پسندی کا فکری و شخصی حوالے سے تجزیہ کیجیے۔ (20)

سوال 5- غالب کی شعری عظمت کا اعتراف جن عوامل کی بنا پر کیا جاتا ہے، ان پر روشنی ڈالیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- غالب کی غزل میں موجود فکری اور مابعد الطبیعیاتی عناصر کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

سوال 2- کلام غالب سے طنز کی مثالیں پیش کریں نیز ان شعری مثالوں کی توضیح بھی پیش کریں۔ (20)

سوال 3- جدید غزل پر کلام غالب کے اثرات شعری امثال کے ساتھ تحریر کریں۔ (20)

سوال 4- غالب نے فارسی شعرا سے کس طرح اخذ و استفادہ کیا؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5- غزل "نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا" کے شامل نصاب اشعار کی شرح اپنے الفاظ میں کیجیے۔ (20)